# آزاد جموں و کشمیر انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

## نوٹیفکیشن

اعلان کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام منعقد ہونیوالے امتحانات انٹرمیڈیٹ پارٹ اول ، دوم / کمپوزٹ اور علوم شرقیہ سالانہ2017ء کا آغاز انشاء اللہ مئی 2017ء کے پہلے ہفتے میں متوقع ہے۔ان امتحانات سے متعلق ڈیٹ شیٹ بعد میں جاری کی جائے گی۔
**تاہم پارٹ اول کے فارم داخلہ آن لائن وصول کیے جائیں گے۔** لہذا مسلکہ الگ سے دی گئی ہدایات کو مدنظر رکھ کر عملدر آمد کیا جائے۔

### شیڈول برائے وصولی فارم داخلہ معہ فیس

| پرائیویٹ امیدواران کیلئے فیس وفارم داخلہ بورڈ میں جمع کروانے / ترسیل کرنے کی آخری تاریخ | | ریگولر امیدواران کیلئے فیس وفارم داخلہ بورڈ میں جمع کروانے / ترسیل کرنے کی آخری تاریخ | |
|---|---|---|---|
| سنگل فیس کے ساتھ | 01-01-2017 تا 30-01-2017 | سنگل فیس کے ساتھ | 05-01-2017 تا 06-02-2017 |
| دوگنا فیس کے ساتھ | 31-01-2017 تا 09-02-2017 | دوگنا فیس کے ساتھ | 07-02-2017 تا 17-02-2017 |
| تین گنا فیس کے ساتھ | 10-02-2017 تا 03-03-2017 | تین گنا فیس کے ساتھ | 18-02-2017 تا 03-03-2017 |

### ☆اشراح فیس داخلہ☆

1- انٹرمیڈیٹ=

**(پرائیویٹ امیدواران کیلئے)**

| گروپس | پارٹ اوّل | پارٹ دوم | کمپوزٹ |
|---|---|---|---|
| سائنس | =/900روپے | =/900روپے | =/1800روپے |
| علم وادب | =/850روپے | =/850روپے | =/1700روپے |
| میڈیکل ٹیکنالوجی | =/3000 روپے | =/3000 روپے | =/6000 روپے |

**(ریگولر امیدواران کیلئے)**

| پارٹ اوّل | پارٹ دوم | کمپوزٹ |
|---|---|---|
| =/850روپے | =/850روپے | =/1700روپے |
| =/800روپے | =/800روپے | =/1600روپے |
| =/3000 روپے | =/3000 روپے | =/6000 روپے |

2- علوم شرقیہ=

| ادیب | عالم | فاضل |
|---|---|---|
| =/900روپے | =/900روپے | =/900 روپے |

رجسٹریشن فیس =/900 روپے (رجسٹریشن وسپورٹس فیس میں سند فیس شامل ہے) قیمت فارم داخلہ برائے ریگولر / پرائیویٹ امیدواران =/100 روپے فی فارم، فیس داخلہ میں کشمیر لبریشن سیس مبلغ =/5 روپے شامل ہے

**نوٹ۔ فیس حبیب بینک لمیٹڈ آزادکشمیر کی کسی بھی برانچ میں جمع کروائی جاسکتی ہے جہاں پر سہولت میسر نہ ہو وہاں ڈاک خانہ میں جمع کروائی جاسکتی ہے۔**

### اطلاعات وہدایات برائے خصوصی توجہ

i- علم وادب گروپ میں عملی امتحان کا حامل مضمون / مضامین اختیار کرنے کی صورت میں فیس سائنس گروپ کے مطابق ادا / وصول ہوگی۔

ii- پرائیویٹ امیدواران کیلئے فارم داخلہ آزادکشمیر میں واقع حبیب بینک کی مقررہ شاخوں میں دستیاب ہونگے۔

iii- پرائیویٹ امیدواران کے فارم داخلہ تصدیق کنندگان اس امر کی تسلی کرلینے کے بعد کہ امیدوار متعلقہ نے مقررہ فیس داخلہ اور رجسٹریشن فیس جمع کروائی ہوئی ہے ،اصل چالان / رسید فارم داخلہ کی متعلقہ جگہ پر چسپاں ہے،امیدوار کی تصاویر فارم داخلہ کی متعلقہ جگہوں پر گوند سے چسپاں ہیں اور یہ اسی امیدوار کی ہیں جس کا فارم تصدیق کیا جا رہا ہے،داخلہ فارم پر امیدوار / امیدوارہ کے اپنے ہی دستخط ثبت ہیں، فارم کے جملہ کالم مکمل کیے گئے ہیں اور امتحانی مرکز رہائش کے نزدیک تجویز کیا گیا ہے فارم تصدیق کریں اور نامکمل فارم ہرگز تصدیق نہ کریں۔تصدیق کیلئے تصدیق کنندہ کے دستخط اور مہر ثبت ہونا لازمی اور قانونی تقاضا ہے۔

iv- پرائیویٹ امیدواروں کے فارم کی تصدیق فارم کی پشت پر نامزد آفیسران ہی کرسکتے ہیں۔ان کے علاوہ کوئی آفیسر فارم تصدیق کرنے کا مجاز نہیں۔

v- ریگولر امیدواران کیلئے سربراہان تعلیمی ادارہ جات کی جانب سے تحریری ڈیمانڈ معہ مطلوبہ فارموں کی قیمت کا اصل چالان / رسید موصول ہونے پر فارم ارسال کیے جائیں گے۔ لہذا جن سربراہان ادارہ جات نے فارم داخلہ جات کی ڈیمانڈ / قیمت فارم ابھی تک ارسال نہیں کی وہ فوری طور پر اپنی ڈیمانڈ ارسال کریں۔ بدوں ڈیمانڈ / ادائیگی قیمت فارم ارسال نہیں کیے جائیں گے۔

vi- سربراہان ادارہ جات ریگولر امیدواران کے فارم داخلہ کے صفحہ نمبر 2 پر دیا گیا داخلی گریڈ فارم جاری داخلی امتحانات، (جن میں بورڈ کا پارٹ اول کا امتحان / نتیجہ شامل نہ ہو) میں سے تین بہتر امتحانات کی بنیاد پر مکمل / مرتب کریں۔ جس فارم پر داخلی تخمین اور امیدوار کا مستقل پتہ درج نہ ہو یا کوئی اور کالم نامکمل ہو تو وہ فارم ادارہ کو واپس کیا جائے گا نیز پارٹ اول کے فارم داخلہ پر میٹرک پاس کا، پارٹ دوم کے فارم داخلہ پر پارٹ اول کا رول نمبر / سال سیشن، انٹرمیڈیٹ کا رجسٹریشن نمبر، تصاویر، مضامین اور مضامین کوڈ بمطابق کوڈ لسٹ درست درج کرنا ہونگے۔اور نامکمل / غلط فارم ارسال کرنے کی پاداش میں ڈاک خرچ مبلغ -/100 روپے ادارہ سے وصول کیا جائے گا۔

vii- الیف (F) گریڈ والے امیدواران کے فارم داخلہ قبول نہیں کیئے جائیں گے۔

viii- پارٹ دوم کے اُمیدواران جنھوں نے پارٹ اول کا امتحان دوسرے بورڈوں سے پاس کیا ہوا ہے اور اب اُن کے فارم بطور ریگولر ارسال کیے جا رہے ہیں کے پارٹ اول کے رزلٹ کارڈز بصورت اصل فارم داخلہ کے ساتھ موصول ہونے کی صورت میں فارم قبول کیے جائیں گے۔ نیز کسی امیدوار کی کالج ٹو کالج مائیگریشن کی صورت میں سند ہجرت کی کاپی فارم داخلہ کے ساتھ شامل کی جائے۔

ix- سربراہان ادارہ جات اپنے ادارہ کے طلباء / طالبات کا امتحانی مرکز ادارہ کے قریب ترین واقع امتحانی مرکز میں تجویز کریں۔ کسی امیدوار کا ادارہ کے طلباء / طالبات سے ہٹ کر امتحانی مرکز قطعاً تجویز نہ کیا جائے تاہم معقول وجوہات کی بنا پر امتحانی مرکز کی تبدیلی سربراہ ادارہ کی وساطت سے درخواست معہ چالان جمع شدہ فیس مبلغ -/1500 روپے امتحان کے آغاز سے 15 دن قبل دفتر بورڈ میں موصول ہونے پر تحت قواعد ممکن ہوگی۔

x- جن ریگولر طلباء / طالبات کی رجسٹریشن ابھی تک بورڈ میں نہیں ہوئی یا ادارے کا الحاق بورڈ کے ساتھ نہیں ہوا کے فارم مسترد کردیے جائیں گے۔

xi- رزلٹ گزٹ کی قیمت مبلغ =/800 روپے فی پارٹ کل مبلغ =/1600 روپے (پارٹ اول، دوم) مقرر ہے۔ جو ادارے رزلٹ گزٹ منگوانا چاہیں وہ مجوزہ درخواست بغرض حصول رزلٹ گزٹ ہر لحاظ مکمل کرکے اس کی فیس الگ چالان / رسید کے ذریعے بورڈ اکاؤنٹ میں جمع کروا کر اصل چالان / رسید ہمراہ درخواست ارسال کریں۔ اگر کسی ادارہ نے رزلٹ گزٹ کی قیمت فیس داخلہ کے چالان / رسید میں جمع کروائی تو اس وجہ سے ادارے کو گزٹ ارسال نہ کیا جاسکا تو اس کا ذمہ دار متعلقہ ادارہ ہوگا۔

xii- علم وادب کے پرائیویٹ اُمیدواران مضمون فزیکل ایجوکیشن اور کامرس گروپ کے پرائیویٹ اُمیدواران مضامین ٹائپنگ اور کمپیوٹر سٹڈیز اختیار کرسکتے ہیں۔اس کیٹگری کے حامل امیدواران فیس سائنس گروپ کی ادا کریں گے۔تاہم متذکرہ مضامین کے علاوہ عملی امتحان کے حامل دیگر مضامین پرائیویٹ امیدواران اختیار کرنے کے مجاز نہیں ہیں۔

- جاری -

xiii کوئی امیدوار جس مضمون/جن مضامین میں ذریعہ امتحان انگلش میڈیم اختیار کرنا چاہے تو اس کی منظوری کے لیے درخواست مجوزہ فارم پر ہمراہ فارم داخلہ جات الگ ارسال کی جائے۔ بصورت دیگر دفتر ہٰذا ذمہ دار نہ ہوگا۔

xiv اُردو لازمی کی بجائے پاکستانی کلچر کا تحت قواعد وہی امیدواران امتحان دینے کے اہل ہیں جو غیر ملکی شہریت کے حامل ہوں یا پاکستانی شہریت کے حامل ایسے امیدواران جو مسلسل آخری تین سال بیرون ملک رہے ہوں بشرطیکہ ہر دو کیٹیگری کے امیدواران نے میٹرک سطح تک اُردو نہ پڑھا ہو۔ ایسے امیدواران کی پاسپورٹ کی مصدقہ کاپی درخواست کے ساتھ شامل کر کے قبل از وقت منظوری حاصل کی جائے اور منظوری کی کاپی فارم داخلہ کے ساتھ شامل کی جائے اور فارم داخلہ کے متعلقہ کالم میں نشاندہی کی جائے۔

-xv تبدیلی گروپ فیس -/1500 روپے اور تبدیلی مضامین -/500 روپے فی مضمون مقرر ہے۔ اگر اس وقت تک گروپ رمضامین تبدیلی کے خواہشمند امیدوار کیلئے تحریک نہیں کی گئی تو مطلوبہ فیس جمع کروا کر اصل چالان رکورنگ لیٹر ہمراہ فارم داخلہ جات ارسال کرنے ہونگے۔

XVi ریگولر امیدواران کے فارم ہا داخلہ دفتر بورڈ میں موصول ہونے کے بعد سربراہان ادارہ کی استدعا پر تحت قواعد درج ذیل صورتوں میں امتحان شروع ہونے سے 30 دن قبل تک مطلوبہ کوائف موصول ہونے پر واپس کیے جاسکیں گے۔

الف۔ حاضریاں کم ہونے کی بنا پر فارم داخلہ مشروط بھیجا گیا ہو۔ (فارم داخلہ کی پیشانی پر لفظ ''مشروط'' یا عارضی یا Provisional لکھا ہو)۔

ب۔ فارم داخلہ دفتر بورڈ میں ارسال کرنے کے بعد کسی امیدوار کی حاضریاں کم ہوں۔

ج۔ ادارہ کے واجبات ادا نہ کرنے یا بد اخلاقی کا ارتکاب کرنے پر کسی امیدوار کا نام خارج کر دیا گیا ہو۔

د۔ گریڈ بہتر نہ ہونے کی بنا پر فارم داخلہ مشروط بھیجا گیا اور وہ تعلیمی سیشن کے اختتام تک گریڈ بہتر نہ کر سکا ہو۔

-XVII امتحان پارٹ اول سالانہ 2016 میں شامل ہو کر بعض پرچہ جات میں 33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے امیدواران اگلے سال پارٹ دوم کے ساتھ پارٹ اول کے ان پرچہ جات کا امتحان دینا چاہیں تو فارم پر ان کا اندراج کریں۔ بصورت دیگر سابقہ نمبرات کا استفادہ باقی رہیگا۔ فارم دفتر میں موصول ہونے کے بعد مضامین یا مندرجات کی ممکنہ درستگی بعوض فیس مبلغ -/500 روپے ہوگی۔

-XVIII ناساعد حالات کی بنا پر اگر پارٹ دوم رکمپوزٹ امتحان کے حامل کسی امیدوار کا فارم داخلہ سالانہ 2017 کیلئے نہ بھیجا جا سکا ہو اس کا فارم داخلہ ضمنی 2017 میں بطور ریگولر بھیجا جا سکے گا۔

(پروفیسر محمد اسلم چودھری)
کنٹرولر امتحانات کالجز

نمبر بورڈ/انٹر/ 19785-19101 /16ء مورخہ 2016-12-09
نقل بالا بخدمت =

-1 سیکریٹری صاحب برائے جناب صدر آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
-2 پرنسپل سیکریٹری صاحب برائے جناب وزیر اعظم (کنٹرولنگ اتھارٹی بورڈ) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
-3 پرائیویٹ سیکریٹری ہمراہ جناب چیف سیکریٹری آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
-4 جناب سیکریٹری تعلیمات سکولز / کالجز آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
-5 جناب سیکریٹری اطلاعات آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
-6 جناب سیکریٹری پبلک سروس کمیشن آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
-7 جناب ناظم اعلیٰ تعلیمات کالجز آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
-8 جناب ناظم اعلیٰ تعلیمات سکولز سیکنڈری / ایلیمنٹری / ٹیکنیکل آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
-9 سیکریٹری صاحب انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین فیڈرل بورڈ بلڈنگ سیکٹر H-8/4 اسلام آباد۔
-10 کنٹرولر صاحب امتحانات تعلیمی بورڈ راولپنڈی / گوجرانوالہ / سرگودھا / بہاولپور / ملتان / سکھر / حیدرآباد / ثانوی بورڈ کراچی / انٹر بورڈ کراچی / پشاور / ایبٹ آباد / لاہور / ساہیوال فیصل آباد / کوئٹہ / ڈیرہ غازی خان / بنوں / سوات / کوہاٹ / فیڈرل بورڈ اسلام آباد / آرمڈ سروسز بورڈ فار ہائیر ایجوکیشن جی. ایچ. کیو. راولپنڈی / آزاد کشمیر یونیورسٹی مظفرآباد۔
-11 ڈویژنل ڈائریکٹر صاحب کالجز میرپور / مظفرآباد ڈویژن۔
-12 ڈویژنل ڈائریکٹر صاحب سکولز میرپور / مظفرآباد / راولاکوٹ ڈویژن۔
-13 پرنسپل صاحبان / صاحبات کالجز / ہائر سیکنڈری سکولز آزاد کشمیر۔
-14 ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت بطور خبر در قومی اخبارات۔
-15 ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر صاحبان / صاحبات (سیکنڈری) آزاد کشمیر۔
-16 منیجر صاحب حبیب بینک لمیٹڈ مین بازار برانچ میرپور مرسلہ کر تحریر ہے کہ اپنی برانچز کو مطلع کرتے ہوئے مطابقاً کارروائی کی ہدایت فرمائیں۔
-17 منیجر صاحبان حبیب بینک لمیٹڈ جملہ برانچز آزاد کشمیر۔
-18 ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میرپور، تراڑکھل، مظفرآباد / ڈائریکٹر صاحب FM ریڈیو بالائی منزل لعل دین پلازہ F/1 میرپور۔
-19 نمائندہ صاحب جیو / آپ ٹی وی / پی ٹی وی / اے پی پی میرپور بغرض اشاعت خبر۔
-20 نمائندہ صاحب روزنامہ جنگ، نوائے وقت، پاکستان، خبریں، اوصاف، جناح، انصاف، اسلام، جذبہ، جموں کشمیر، صحافت میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔
-21 داخلی تقسیم / متعلقہ مسل / نوٹس بورڈ / آفس کاپی۔

WWW.AJKBISE.EDU.PK